94990- فلموں اور گانے کی اجازت والے نیٹ کیفے میں ملازمت کرنا

سوال

میں ایک نیٹ کیفے میں ملازمت کرتا ہوں، جہاں جنسی ویب سائٹس کھولنے کی اجازت تو نہیں، لیکن وہاں عام فلمیں اور گانے سننے کی اجازت ہے، کیا وہاں ملازمت کرنا حرام ہے ؟

پسندیدہ جواب

گانے اور موسیقی سننا، فلم بینی کرنا جن میں بے پردعورتیں اور مردوں کا اختلاط ہو، اور ستر ننگا ہوتا ہو، اوران میں موسیقی اور آلات لہو ولعب کا استعمال ہوتا ہو یہ سب حرام ہیں، اور کسی بھی دوکاندار یا وہاں ملازمت کرنے والے کے لیے جائز نہیں کہ وہ کسی شخص کو ایسا کرنے دے، اور نہ ہی وہ ایسا کرنے میں معاونت کر سکتا ہے، اس کی تفصیل سوال نمبر (47396) کے جواب میں بیان ہو چکی ہے، اس کا مطالعہ کریں.

اس بنا پر اگر فلم بینی اور گانے سننے سے منع کر سکتے ہیں تو پھر اس جگہ ملازمت کرنے میں کوئی حرج نہیں، لیکن اگر آپ ان اشیاء کو وہاں سے روک نہیں سکتے تو پھر آپ اللہ کی رضا کے حصول اور برائی کے اقرار اوراس پر خاموشی سے اجتناب کے لیے یہ ملازمت ترک کر دیں، کیونکہ یہ اللہ کے غضب اوراس کی ناراضگی کا موجب ہے.

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

.{بنی اسرائیل میں سے ان لوگوں پر داود اور عیسی بن مریم کی زبان سے لعنت کی گئی ہے جنہوں نے کفر کیا، یہ ان کی نافرمانیوں اور زیادتیوں کے باعث تھا، وہ برائی کرنے سے باز نہیں آتے تھے، اور نہ ہی روکتے تھے البتہ بہت ہی برا ہے وہ جو کر رہے ہیں}.المآئدۃ(78).

اللہ تعالی سے ہماری دعا ہے کہ وہ آپ کو صحیح اور راہ مستقیم کی توفیق نصیب فرمائے.

واللہ اعلم.